Pakistan

هيئة تنظيم سوق العمل
Labour Market Regulatory Authority

ادارہ تنظیم افرادی قوت و محنت
ہدایات برائے غیر ملکی ملازمین

إصدار رقم: 4

LMRA یعنی محنت و افرادی قوت کی تنظیم کا ادارہ غیر ملکی ملازمین کو مندرجہ ذیل خدمات مہیا کرتا ہے:

- کام یا روزگار کے ویزاکی تجدید و اجراء۔
- ٹرانسفر۔
- انٹری ویزا، رہائشی ویزا اور بحرین میں داخلے کا کثیر المقاصدویزا، ملازمین اور ان کے اہلِ خانہ کا شناختے نمبر متعلقہ محکمے کی معاونت کے ساتھ فراہم کرنا۔
- وزارتِ صحت کی معاونت کے ساتھ ملازمین کو طبی معائنہ کی سہولت مہیا کرنا۔

اہم ہدایات:

1.اپنا ملک چھوڑنے سے قبل مندرجہ ذیل امور کا جائزہ لیں:

- LMRA کی ویب سائٹ پر اپنا ویزا نمبر داخل کر کے اپنے ویزےکاسٹیٹس کی جانچ پرتال کریں۔ ویب سائٹ یہ ہے۔ http://portal.lmra.bh/english/express_services
- اگر آپ نے اس سے پہلے بحرین میں کام کیا ہے تو برائے مہربانی اپنا سابقہ شناخت نامہ اپنے آجر (Employer) کے حوالے کردیں۔

2.مندرجہ ذیل دستاویزات کا آپ کے ہمراہ ہونا بہت ضروری ہے:



- آپ کے پاسپورٹ کی دونقول بمع مدت تاخیر ٦ ماہ۔
- LMRA کے جاری کردہ ورک ویزا کی نقل۔
- ملازمت کے معاہدے کی کاپی۔
- ڈرائیونگ لائسنس (اگر دستیاب ہو)۔
- آپ کی ڈگریاں اور قابلیت کے سرٹیفیکیٹ (اگر دستیاب ہو)
- آپ کا نکاح نامہ یا شادی کے سرٹیفیکیٹ کی کاپی ، (بیوی بچوں یا اہلِ خانہ کو بلانے کی صورت میں)

3. براہِ مہربانی اپنے طبی معائنہ کیلئے اپنے ملک میں منظور شدہ مراکزِصحت کی فہرست کیلئے یہ ویب سائٹ چیک کریں۔
http://portal.lmra.bh/english/clinics/index

جب آپ مملکتِ بحرین پہنچیں تو:

LMRA کے کاوئنٹر پر جا کر اپنے کام کے ویزا اور پاسپورٹ جمع کروائیں، LMRA آپ کے شناخت نامہ ، رہا ئش کا اجازت نامہ اور طبی معائنہ کے سلسلے میں متعلقہ محکمے کو معاونت فراہم کرے گا،اور آپ کیلئےطبی معائنہ کی تاریخ دلوائے گا، مزید برآں LMRA کے کاوئنٹر پر آپ کے نشان انگوٹھا/انگلی ، آ پ کی تصویر اور دستخط بھی لیے جائیں گے۔

اگر مندرجہ بالا اقدامات ہوائی اڈے پر ممکن نہ ہوں تو آپ کو ایک ماہ کے اندر اندر LMRA کے محکمہ میں جا کر یہ تمام اقدامات کرنا ہوں گے۔

اپنا پاسپورٹ اپنے پاس رکھیں ۔ اپنا پاسپورٹ کسی کو نہ دیں تا وقت کہ آپ کی تسلی نہ ہو ۔ اپنی تسلی کر لینے کے بعد اپنا پاسپورٹ اپنے کفیل کو دیں

ضروری نوٹ: اگر آپ اپنی فیملی کو اپنےساتھ لانا چاہتے ہیں تو آپ سب اکھٹے آئیں یا فیملی بعد میں آئے لیکن فیملی آپ سے پہلے نہیں آ سکتی۔ ہر ایک فیملی فرد کے پاس علیحدہ علیحدہ پاسپورٹ ہونا چاہئے۔

مملکتِ بحرین میں داخل ہونے کے بعد :

کسی بھی قسم کی سزا ،جرمانے،قانونی مسائل یا رہائش نامہ کی منسوخی سے بچنے کیلئے مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔

١. آپ کو جس کام /ملازمت کا ویزہ دیا گیاہے وہی کام کریں اور اس کے علاوہ کوئی دوسری ملازمت یا کام نہ کریں
٢. آپ کے کام /ملازمت کا جو محلِ ووقوع ،ذمہ داریوں اور ہدایات آپ کے آجر (Employer) کی جانب سے تفویض کی گئیں ہیں ، متعلقہ حدود کے اندر رہتے ہوئےاسی (Employer) کے ماتحت اس کی دیگر شاخوں میں وہی کام کریں ۔
٣. LMRA کے افسران اگر آپ کے انگلی کے نشان یا دستاویزات کے متعلق بعوضِ تصدیق کو ئی سوال اٹھائیں تو ان سے مکمل تعاون کریں۔
٤. معائدہ ملازمت کے اصول و قوانین پر سختی سے عمل درآمد کریں۔
٥. تبادلے کیلئے آپ کی درخواست فارم پر آپ کے ویزے کا اجراء روک دیا جائے گا۔
٦. اپنے کام کے ویزا، ملازمت کی تجدید کے ویزا یا آجر (Employer) کے تبادلے کے بدلے کسی بھی قسم کی کوئی رقم ادا نہ کریں۔
٧. مملکتِ بحرین کے تمام قوانین پر سختی سے عمل کریں اور ملک کی روایات، تہذیب اور ثقافت کا احترام کریں۔
٨. اپنے آجر (Employer) کی اجازت کے بغیر مسلسل ١٥ دن تک اپنی ملازمت سے غیر حاضر نہ ہوں یا کسی اوروجہ کی بنا پر جس کا ذکر قوانین میں موجود ہی نہیں ہے۔
٩. اگر آپ کا جھگڑا اپنے آجر (Employer) سے ہو گیا ہے تو وزارتِ انصاف و شرعی امور میں عدالتِ محنت سے رجوع کریں۔
١٠. آپ موبائل سروس کے ذریعے اپنی ملازمت / ویزا کی حیثیت چیک کر سکتے ہیں اور اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ (CPRXXXXXXXX) لکھ کر مندرجہ ذیل نمبروں پرsend/ارسال کریں (BATELCO ٩٠١٦٨) یا (ZAIN ٧٧٠٧٠) یا (VIVA ٩٨٦٩٠)

غیر ملکی لوگوں کا پورٹل:

آپ اپنی ملازمت کی حیثیت /اہلِ خانہ کا ویزہ اور کام کا ویزہ سے متعلق دیگر تفصیلات جاننے کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ کو چیک کر سکتے ہیں،آپ اپنے CPR نمبر اور پاسپورٹ کے ختم ہونے کی تاریخ کے ساتھ اس خدمت تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
https://www.lmra.bh/expatportal/login.php

آپ پر لازم ہے ، کہ بعد ازاں آمد بحرین اند ر ٣٠ یوم اپنا طبی معاینہ کر واین ۔

آجر (Employer) کے تبادلے کے متعلق ہدایات :

ک کارکن کا یہ حق ہے وہ Employer تبدیل کر سکے جیسا کہ LMRA کے قوانین قرارداد نمبر 79، اصلاحات 2009 میں درج ہے۔ تبدیلی کا عمل مندرجہ ذیل طریقے سے ہو گا۔

١- مالک کی اجازت کے بغیر منتقلی:

- تبادلہ کے عمل سے پہلے سے موجود مالک کے پاس ایک سال مکمل کریں۔
- اپنے موجود مالک کو بذریعہ ڈاک (رجسٹرڈ letter) تین ماہ قبل مطلع کریں۔
- اس کے بعد نئے مالک کی ہدایات بمع درخواست اور LMRA کی ہدایات پر عمل کریں۔

٢- رضا مندی کے ساتھ تبادلہ:

- دوسرا مالک پہلے مالک کی معاونت کے ساتھ LMRA کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آپ کی ملازمت کا ویزا کی درخواست دیتا ہے۔
- LMRA کے نظام کے مطابق پہلا اجازت نامہ دیتا ہے اور دوسرا مالک ضروری فیس جمع کرواتا ہے جس کے بعد منتقلی عمل میں لائی جاتی ہے۔

٣- ملازمت کا ویزا کی میعاد ختم ہونے یا دیگر وجوہات کی بنا ء پر تبدیلی:

- LMRA کے دفتر میں خود حاضرہو کر اپنے ویزا کی میعاد ختم سے پہلے مطلع کریں یا ویزا منسوخ ہونے کی صورت میں 5 دن کے اندر اندر LMRA کے دفتر پہنچ کر اطلاع کریں۔
- آپ کو ملازمت کے ویزا کی منتقلی کیلئے ٣٠ دن کی مدت فراہم کی جاتی ہے اور اس دوران آپ کو کسی شکل میں کسی دیگر ملازمت کی اجازت نہیں ہے۔

مندرجہ ذیل سائٹ اور نمبروں کے ذریعے LMRA کے محکمہ سے رابطہ کریں۔
https://www.lmra.bh/expatportal/login.php
یا بزریعہ کال سنتر نمبر 17506055 یا اپنے سفارتخانہ (کمیونٹی ویلفیراتاشی) سے فون نمبر 17244113 پر رابطہ کریں
.http://portal.lmra.bh/english/page/show/105
مزید معلومات کیلئے 17506055 پر رابطہ کریں یا
www.lmra.bh کو وزٹ کریں۔